# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 18 July-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۸/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ گڑچرولی پولس کی کارروائی میں 12 نکسلیوں کا خاتمہ،حکومت کی جانب سے پولس کو 51لاکھ روپے کے انعام کا اعلان۔

☆ ریاست میں 18 سے 35 سال کی عمر کے بے روزگار نوجوانوں کو صنعتوں میں انٹرن شپ اور اسکالرشپ دینے کا حکومت کا فیصلہ۔

☆ پنڈھرپور میں چندربھاگا بس اسٹینڈ اور مسافر بھون عمارت کی نقاب کشائی۔

اور۔۔۔☆ پونہ کا انسدادِ رشوت ستانی محکمہ کرے گا متنازعہ افسر پوجا کھیڑکر کے اہلِ خانہ کی جائیداد کی تحقیقات۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

گڑچرولی ضلع میں مہاراشٹر۔چھتیس گڑھ سرحد پر وانڈولی گاؤں کے جنگلاتی علاقے میں کل پولس اور نکسلیوں کے درمیان تصادم میں 12 نکسلائیٹس مارے گئے۔اس مڈبھیڑ میں ہلاک ہونے والے 12 نکسلیوں میں سے دو نکسلیوں کی شناخت ہوگئی ہے،جن میں ٹیپاگڑ دلم کی علاقائی کمیٹی کے اراکین لکشمن آترام اور وشال آترام شامل ہیں۔ پولس سپرنٹنڈنٹ نیلوتپل نے بتایا کہ باقی دس افراد کی شناخت کا کام جاری ہے۔اس تصادم میں پولس سب انسپکٹر ستیش پاٹل کے ساتھ ایک جوان زخمی ہوا ہے جنھیں طبّی امداد کیلئے ناگپور منتقل کیا گیا ہے۔کل رات آٹھ بجے پولس اور نکسلیوں کے مابین تصادم ختم ہوا،جس کے بعد پولس نے جائے وقوعہ سے تین اے کے 47، دو بندوقیں،ایک کاربائن، سات آٹو موٹیو سمیت دیگر اسلحہ جات ضبط کرلئے۔اس واردات کے بعد متعلقہ علاقے میں نکسلائٹس مخالف مہم تیز کردی گئی ہے۔

دریں اثنا نائب وزیر اعلیٰ اور وزیر داخلہ دیویندر پھڑنویس نے میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے اس تصادم کو گزشتہ چند سالوں کا سب سے بڑا تصادم قرار دیتے ہوئے گڑچرولی پولس کیلئے 51لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا۔

***** ***** *****

پنڈھرپور میں کل وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں راجرشی چھترپتی شاہو مہاراج ثقافتی بھون کا سنگِ بنیاد رکھا گیا۔اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ شندے نے بتایا کہ حکومت نے اس ثقافتی عمارت کیلئے پانچ کروڑ روپے کا فنڈ منظور کیا ہے اور مزید 10 کروڑ روپے کا فنڈ منظور کیا جائے گا۔ آندھرا پردیش کے تروپتی مندر کی طرز پر پنڈھرپور کے وِٹھل مندر میں درشن کے انتظامات کرنے کیلئے 103 کروڑ روپے کے فنڈ کا بھی کل وزیرِ اعلیٰ نے اعلان کیا۔

ریاست کے نوجوانوں کو صنعتی ملازمتوں کے ساتھ براہِ راست ان کاموں کی تربیت یعنی انٹرن شپ دے کر روزگار کیلئے بااختیار بنانے والی ''وزیرِ اعلیٰ اُمورِ نوجواں تربیت'' اسکیم کا بھی کل وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اعادہ کیا۔

اس اسکیم کی معرفت 18 سے 35 سال کی عمر کے بے روزگار نوجوانوں کو صنعتوں میں انٹرن شپ اور اسکالرشپ دی جائے گی۔ اس میں بارہویں کے بعد بے روزگار نوجوانوں کو چھ ہزار روپے، ڈپلومہ کے بعد آٹھ ہزار روپے اور گریجویٹس نوجوانوں کو دس ہزار روپے کا تربیتی بھتہ دیا جائے گا۔

دریں اثنا، کل پنڈھرپور میں دیہی ترقیات محکمے کے وزیر گریش مہاجن کے ہاتھوں چندر بھاگا بس اسٹینڈ اور مسافر بھون عمارت کی نقاب کشائی بھی کی گئی۔ 11 ہیکٹر اراضی پر تعمیر چندر بھاگا بس اسٹینڈ میں مجموعی طور پر 34 پلیٹ فارم بنائے گئے ہیں۔ جبکہ مسافروں کے قیام کیلئے تیار کردہ عمارت میں بیک وقت 500 ایس ٹی ملازمین اور تقریباً ایک ہزار مسافر قیام کر سکیں گے۔

***** ***** *****

آشاڑھی ایکادشی کی مذہبی تقریبات کل مراٹھواڑہ میں روایتی عقیدت و جوش و خروش کے ساتھ منائی گئیں۔

سنت نامدیو مہاراج کی جائے پیدائش ہنگولی ضلع میں نرسی نامدیو پر درشن کیلئے عقیدت مندوں کی بھیڑ جمع ہوئی تھی۔ اسی طرح جالنہ شہر کے آنندی سوامی مہاراج کے مندر میں بھی مختلف مذہبی پروگرام منعقد ہوئے۔ شہر میں آنندی سوامی مہاراج کی پالکی کا جلوس نکالا گیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر سے قریب واقع پنڈھرپور میں بھی کل دن بھر درشن کیلئے عقیدت مندوں کی بھیڑ لگی رہی۔ شہر کے تمام علاقوں میں پنڈھرپور کی جانب پیدل جانے والے عقیدت مندوں کے قافلے شہریان کی توجہ کا مرکز رہے۔

پربھنی ضلعے کے مانوت روڈ کے جیجاؤ گیان تیرتھ اسکول کی جانب سے پودوں کی اہمیت و افادیت کو واضح کرنے کیلئے کل ایک اشجار ریلی نکالی گئی۔ جس میں شریک طلباء نے درختوں کی حفاظت، ماحولیات کے توازن کا پیغام دینے والے پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے۔

بیڑ ضلع کے پرلی ویجناتھ میں سنت جگ متر' ناگا مندر کے وٹھل رکمنی مندر اور جگ متر مہاراج کی سمادھی کے علاقے کو پھولوں سے سجایا گیا تھا۔

وِدربھ کی پنڈھری کے نام سے مشہور سنت نگری شیگاؤں میں سنت گجانن مہاراج کے درشن کیلئے عقیدت مندوں کی بڑی تعداد اکٹھا ہوئی تھی۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے قائد و ترجمان سنجے راوت نے کہا ہے کہ وہ آنے والے اسمبلی انتخابات میں تمام 288 سیٹوں پر لڑنے کیلئے تیار ہیں، تاہم انتخابی اتحاد ہونے کے سبب وہ صرف 90 نشستوں کا ہی دعویٰ کریں گے۔ راوت کل ممبئی میں ذرائع ابلاغ سے گفتگو کر رہے تھے۔ راوت نے مزید کہا کہ مہا وکاس اگھاڑی کی تینوں بڑی پارٹیاں متحدہ طور پر یہ الیکشن لڑیں گی، اور ان کی پارٹی نوے نشستوں پر امیدوار اُتارے گی' جبکہ بقیہ نشستیں دیگر اتحادی جماعتوں کیلئے چھوڑنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات میں احمد نگر انتخابی حلقے سے ہار کا سامنا کرنے والے ڈاکٹر سُجئے وکھے پاٹل کی ای وی ایم اور وی وی پیٹ مشینوں کی تصدیق کرنے سے متعلق درخواست پر مرکزی انتخابی کمیشن نے ضلع انتخابی محکمے کو فرضی پول کرنے کی ہدایت دی ہے۔ اس ہدایت کے مطابق وکھے پاٹل کی جانب سے اعتراض کردہ چالیس پولنگ مراکز پر ووٹنگ مشینوں کی میموری کو خالی کر کے فرضی پولنگ کروائی جائے گی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

متنازعہ انتظامی افسر پوجا کھیڑکر کے اہلِ خانہ کی ملکیت کی تحقیق پونے انسدادِ رشوت ستانی محکمہ کرے گا۔ کھیڑکر خاندان کی جانب سے غیر محسوب املاک جمع کیے جانے کی شکایت پر یہ تحقیقات کی جائے گی۔ کھیڑکر کے والد دلیپ کھیڑکر اور والدہ منورما کھیڑکر سمیت سات افراد کے خلاف کسانوں کو پستول کی نوک پر ڈرانے دھمکانے کا معاملہ درج ہے۔ اس معاملے میں پولس ان دونوں کی تلاش کر رہی ہے۔

***** ***** *****

یومِ عاشورہ کل عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا۔ میدانِ کربلا میں پیغمبرِ اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے حضرت حسینؓ کی مظلومانہ شہادت کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔ اس موقع پر چھترپتی سمبھا جی نگر میں علمبردار کمیٹی کی جانب تعزیے اور علم وسواریاں نکالی گئیں، جبکہ اہلِ تشیع برادری کی جانب سے ماتمی جلوس نکالا گیا۔ ان جلوسوں میں سینکڑوں عقیدت مندوں نے شرکت کیں۔

***** ***** *****

چھترپتی شیواجی مہاراج کی بہادری کی علامت شیر کے ناخن والا دستہ کل ممبئی سے ستارا میں خصوصی حفاظتی انتظامات میں منتقل کیا گیا۔ یہ دستہ ستارا کے چھترپتی شیواجی مہاراج میوزیم کے حفاظتی صندوق میں رکھا گیا ہے، اور آئندہ سات ماہ تک سبھی سیاح اسے دیکھ سکتے ہیں۔

***** ***** *****

ڈیری صنعت کے وزیر رادھا کرشن وِکھے پاٹل نے اپیل کی ہے کہ ریاست میں اضافی دودھ فراہمی کا مسئلہ حل کرنے کیلئے امول صنعتی گروپ سمیت دیگر پروسیس سینٹر اضافی 20 لاکھ لیٹر دودھ اکٹھا کریں۔ کل ممبئی میں دودھ کے تاجروں اور تمام پروسیس سینٹرز کے ذمہ داران کے ہمراہ ہوئی ایک میٹنگ میں وِکھے پاٹل مخاطب تھے۔ انھوں نے یقین ظاہر کیا کہ ان پروسیس سینٹروں کی جانب سے تعاون کیا گیا تو ریاست کے دودھ کے تاجروں کو 35 روپئے فی لیٹر قیمت دینا ممکن ہوجائے گا۔

***** ***** *****

مہاراشٹر اسٹیٹ پولس ہاؤزنگ اینڈ ویلفیئر کارپوریشن کے دھاراشیو میں تعمیر کردہ پولس سپرنٹنڈنٹ آفس کی نئی عمارت اور 244 رہائشی کوارٹرس کا افتتاح آج دوپہر وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار کے ہاتھوں بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ عمل میں آئے گا۔ پولس سپرنٹنڈنٹ اتل کلکرنی کی خصوصی کاوشوں سے یہ عمارت کی تعمیر ہونے کی اطلاع متعلقہ خبر میں دی گئی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ سے ہنگولی کی جانب گٹکا لے جانے والے ایک آئیشر ٹیمپو کو کل کلمنوری پولس نے پکڑ لیا۔ اس گاڑی سے تقریباً 22 لاکھ روپئے مالیت کا گٹکا ضبط کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

محکمۂ موسمیات نے کوکن اور وسطی مہاراشٹر میں آئندہ پانچ دِنوں کیلئے بارش کا آرینج الرٹ جاری کیا ہے۔ ان علاقوں میں طوفانی ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ گڑ چرولی پولس کی کارروائی میں 12 نکسلیوں کا خاتمہ،حکومت کی جانب سے پولس کو 51لاکھ روپے کے انعام کا اعلان۔

☆ ریاست میں 18 سے 35 سال کی عمر کے بے روزگار نوجوانوں کو صنعتوں میں انٹرن شپ اور اسکالرشپ دینے کا حکومت کا فیصلہ۔

☆ پنڈھر پور میں چندر بھاگا بس اسٹینڈ اور مسافر بھون عمارت کی نقاب کشائی۔

اور۔۔۔☆ پونہ کا انسدادِ رشوت ستانی محکمہ کرے گا متنازعہ افسر پوجا کھیڑکر کے اہلِ خانہ کی جائیداد کی تحقیقات۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****